لتھوانیا

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے
- آپ والد یا والدہ یا دونوں والدین کے ساتھ آئے تھے
- آپ اور آپ کے گھر والوں نے لتھوانیا میں پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی کہا جاتا ہے) کے لئے درخواست کی ہے۔

URDU


رجسٹریشن کا ورژن

# مشمولات


| | |
|---|---|
| آپ اور آپ کے گھر والے اس ملک میں محفوظ ہیں | 3 |
| کون آپ کی مدد کر سکتا ہے؟ | 3 |
| آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو کیا ملے گا؟ | 4 |
| صحت کی دیکھ بھال کا حق | 6 |
| عملے کو بتائیں | 7 |
| بہترین مفادات کا تخمینہ کیا ہوتا ہے؟ | 8 |
| تعلیم کا حق | 8 |
| کام کرنے کا حق | 9 |
| آپ کی پناہ تلاش کرنے والوں کی دستاویز | 9 |
| آپ اور آپ کے گھر والے کہاں ٹھہریں گے؟ | 10 |
| اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟ | 11 |
| استقبال کے وقت آپ اور آپ کے گھر والوں کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟ | 12 |
| اگر آپ یا آپ کے گھر والے اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ | 13 |
| بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرنے اور EU+ کے ممالک جانے کے قواعد | 14 |
| اگر آپ اور آپ کے گھر والے کسی دوسرے ملک فرار ہو جائیں تو کیا ہوگا؟ | 15 |
| اگر آپ لوگ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ اور آپ کے گھر والوں کی مدد کون کر سکتا ہے؟ | 16 |
| اگر معاونت میں کچھ تبدیلی آئے تو کیا ہوگا؟ | 16 |
| رابطے کی تفصیلات | 17 |

## آپ اور آپ کے گھر والے اس ملک میں محفوظ ہیں

آپ اور آپ کے گھر والوں نے حکام کو بتایا ہے کہ آپ لوگ اس لئے اپنے ملک نہیں جا سکتے کیونکہ آپ لوگوں کو خطرہ ہے اور آپ لوگوں نے پناہ کے لئے درخواست کی ہے۔ آپ اور آپ کے گھر والے لتھوانیا میں پناہ تلاش کر رہے ہیں۔



## کون آپ کی مدد کر سکتا ہے؟

یورپ میں، اگر کسی کی عمر 18 سال سے کم ہوتی ہے، تو اسے بچہ سمجھا جاتا ہے، اور اسے **خاص معاونت** ملنے کا حق ہوتا ہے۔

جب تک آپ اس ملک میں رہ رہے ہیں، یہ پروفیشلز اپ کی مدد کر سکتے ہیں، جیسے کہ:

- ایک **سماجی کارکن** آپ اور آپ کے گھر والوں کو آپ لوگوں کی روزانہ کی ضروریات میں مدد کریں گے، یا آپ کے کسی مسئلے کے حل کے لئے دوسرے پروفیشنلز سے بات کریں گے۔
- اگر آپ بیمار ہیں، اگر آپ کو چوٹ لگی ہے یا اگر آپ کو کسی بھی قسم کی طبی مدد کی ضرورت ہے تو ایک **ڈاکٹر** یا **نرس** آپ کی مدد کریں گے۔
- اگر آپ اداس ہیں، آپ کو غصہ آ رہا ہے، آپ کو ڈر لگ رہا ہے، آپ پریشان ہیں، یا آپ کو سونے میں مشکل ہو رہی ہے، تو ایک **ماہر نفسیات** آپ کی مدد کریں گے۔
- ایک **قانونی مشیر** آپ اور آپ کے گھر والوں کو یہ سمجھنے میں مدد کریں گے کہ پناہ کے عمل کے دوران کیا ہوگا۔ وہ آپ کو اس وقت بھی مدد کر سکتے ہیں اگر آپ کو لگے کہ آپ لوگوں کو آپ کے حقوق نہیں مل رہے۔
- ایک **مترجم** آپ کو ایک ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کریں گے، جو آپ کو سمجھ آئے۔ ان کا کام آپ کی اور دوسروں کی باتوں کا درست ترجمہ کرنا ہے۔

کیا آپ کو کسی مسئلے کا سامنا ہے؟ آپ کسی بھی وقت عملے سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔ گھبرائیں نہیں، مسئلے مل کر حل کئے جا سکتے ہیں۔

# آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ لوگوں کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اور آپ لوگ ان کا انتظار کر رہے ہیں، آپ لوگوں کو مختلف قسم کی معاونتیں اور سہولیات ملیں گی۔ اسے **استقبال** کہا جاتا ہے۔

آپ بچے بھی ہیں اور پناہ تلاش کرنے والے بھی، اس لئے آپ کے کچھ حقوق ہیں، لیکن ساتھ ہی آپ کو کچھ ذمہ داریاں بھی پوری کرنی ہوں گی۔ اس کتابچے میں ان کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

اگر آپ کو اس کتابچے میں کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو عملے اور اپنے والدین سے پوچھیں۔



جب تک آپ لوگ اس ملک میں رہ رہے ہیں، عملہ آپ لوگوں کو آپ کے حالات کے مطابق مزید معلومات دے گا۔ آپ کسی بھی وقت سوالات پوچھ سکتے ہیں۔

**آپ لوگوں کے حالات کے مطابق، آپ اور آپ کے گھر والوں کو درج ذیل ملے گا:**



- سونے کے لئے جگہ



- کھانا یا کھانا خریدنے کیلئے پیسے



- کپڑے



- ذاتی صحت و صفائی کا سامان




- ہو سکتا ہے کہ آپ کے گھر والوں کو روز کے اخراجات کے لئے پیسے بھی ملیں۔

# صحت کی دیکھ بھال کا حق

**حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو ضروری صحت کی دیکھ بھال مل رہی ہے۔**

**اگر آپ کو کوئی طبی مسئلہ ہو تو آپ اپنے گھر والوں اور عملے کو بتا سکتے ہیں۔** اگر آپ کو ضرورت پڑے گی تو وہ آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر کے پاس جانے میں مدد کریں گے۔



اگر ڈاکٹر ضروری سمجھیں گے تو وہ دوائیں لکھ کر دیں گے یا آپ کو طبی ماہرین کے پاس بھیجیں گے۔

اگر آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر سے طبی چیک اپ کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہےتو عملہ آپ اور آپ کے گھر والوں کو بتا دے گا۔

وہ آپ کی صحت چیک کر کے آپ کو ضروری امداد فراہم کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی طبی ایمرجنسی ہو یا کوئی چوٹ لگی ہو جس کے لئے فوری علاج ضروری ہو، تو اپنے والدین یا عملے کو بتائیں۔ اگر آپ اس جگہ پر نہ ہوں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، تو آپ ایمرجنسی نمبر 112 پر مفت کال کر سکتے ہیں۔

## اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو تو عملے کو بتائیں:





- آپ بیمار ہیں، آپ کو چوٹ لگی ہے، یا آپ کو فوراً طبی مدد یا دوا کی ضرورت ہے
- آپ منشیات استعمال کرتے ہیں یا شراب پیتے ہیں
- آپ کے ساتھ ماضی میں کبھی زیادتی ہوئی تھی یا تشدد ہوا تھا، یا اس وقت آپ کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ خود سے نہیں چل سکتے، یا آپ کو دیکھنے یا سننے میں مشکل ہو رہی ہے
- آپ بہت پریشان ہیں، اداس ہیں، آپ کو نیند نہیں آ رہی، یا آپ کو غلط خیالات آ رہے ہیں
- آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ غیر محفوظ ہیں، یا آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے، چاہے آپ اس شخص کو جانتے ہوں یا نہیں
- آپ سے ایسے کام کروائے گئے ہیں یا کروائے جا رہے ہیں جو آپ نہیں کرنا چاہتے
- آپ اپنے مذہب، اپنی محبت، اپنے لباس یا اپنے رویے کی وجہ سے خود کو محفوظ نہیں سمجھتے
- آپ کے گھر والوں کو معاونت کی ضرورت ہے۔



## بہترین مفادات کا تخمینہ کیا ہوتا ہے؟



یہ ایک ایسی سرگرمی ہے جس میں آپ دوسرے عملے سے ملیں گے، جو آپ سے سوالات پوچھیں گے، تاکہ:

- وہ آپ کی **ضروریات** سمجھ سکیں
- وہ فیصلہ کر سکیں کہ آپ کو کس **معاونت** کی ضرورت ہے۔

اس سے حکام کے لئے اہم فیصلے، جیسے کہ آپ اور آپ کے گھر والے کہاں رہیں گے، لینے میں مدد ملے گی۔

آپ نرس، ڈاکٹر اور عملے پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں کچھ بھی بتا سکتے ہیں۔ آپ انہیں جو بھی بتائیں گے، اسے آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے والدین کے علاوہ کسی کو نہیں بتایا جائے گا۔ صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو، یا ایسا کرنا قانونی طور پر ضروری ہو۔

اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے والدین کو بتایا جائے، یا آپ چاہتے ہیں کہ وہ کچھ نہ کریں، تو عملے کو بتائیں۔ وہ اس بارے میں سوچیں گے اور آپ کے لئے جو صحیح ہوگا، وہی فیصلہ کریں گے۔

## تعلیم کا حق



آپ بچے ہیں، اس لئے آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا اور سیکھنے کا حق ہے۔ اگر آپ اسکول جانا شروع کرتے ہیں، لیکن اس دوران آپ کی عمر 18 سال ہو جاتی ہے، تو آپ تعلیم ختم ہونے تک اسکول جا سکتے ہیں۔

ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی کا عملہ آپ اور آپ کے گھر والوں کو لوکل اسکول میں رجسٹر کرنے میں مدد کریں گے۔ وہ آپ کی تیاری کے لئے زبان کی کلاسز اور دوسرے کورسز کے بارے میں بھی بتائیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو ان میں سے کچھ کورسز لینے کی ضرورت ہو۔

عملہ آپ کو تعلیمی اور تفریحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں گے تاکہ آپ کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور نئے دوست بنانے میں مدد ملے۔

## کام کرنے کا حق



آپ کی عمر اور حالات کے لحاظ سے، اور اگر آپ چاہیں تو آپ کو لتھوانیا میں کام کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ عملہ آپ کو اس کے بارے میں زیادہ معلومات دیں گے۔

اگر چھ ماہ کے اندر آپ کی پناہ کی درخواست پر کوئی فیصلہ نہیں ہوتا، اور اس تاخیر میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے، تو آپ لتھوانیا میں کام کر سکتے ہیں۔



14 سال سے کم عمر کے تمام لڑکوں اور لڑکیوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## آپ کی پناہ تلاش کرنے والوں کی دستاویز



آپ کو ایک ذاتی دستاویز ملے گا جس میں آپ کا نام لکھا ہوگا اور آپ کی تصویر ہوگی۔

یہ بتاتا ہے کہ آپ اس ملک میں پناہ تلاش کر رہے ہیں۔ یہ ہمیشہ آپ کے پاس ہونا چاہیے۔

یہ دستاویز بہت ضروری ہے، اسے کسی کو نہ دیں اور نہ ہی اسے کھونے دیں۔

اس دستاویز کو غیر ملکی کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کہا جاتا ہے۔

# آپ اور آپ کے گھر والے کہاں ٹھہریں گے؟

جب تک حکام آپ لوگوں کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اس وقت تک آپ لوگ کہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ آپ لوگوں کے حالات کے حساب سے لیا جاتا ہے۔



عملہ آپ لوگوں کو بتائے گا کہ **آپ لوگوں کو کو کہاں رہنا ہوگا،** جیسے کہ کسی رہائش، شہر یا علاقے میں۔

ہو سکتا ہے کہ اس بات کا فیصلہ دستیاب جگہ اور آپ کے گھر والوں کی ضروریات کے لحاظ سے کیا جائے گا۔

اگر آپ کے گھر والے اس رہائش سے باہر رہنا چاہتے ہیں یا کچھ دیر کے لئے شہر یا علاقہ چھوڑ کر جانا چاہتے ہیں تو انہیں حکام سے اجازت لینی ہوگی۔

**آپ اور آپ کے خاندان کو صرف اس جگہ پر مدد اور خدمات حاصل ہوں گی جس کا حکام نے فیصلہ کیا ہو۔**

بہت کم ایسا ہوگا کہ خاندانوں کو ایسے مرکز میں رکھا جائے گا جہاں وہ اپنی مرضی سے آ اور جا نہیں سکیں گے۔ اگر آپ لوگوں کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے تو ایک قانونی مشیر اور عملہ آپ لوگوں کی مدد کریں گے۔

**آپ لوگ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں:**



- **اپنے گھر والوں کے ساتھ رہنے کا حق**



- **اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں تو انہیں ڈھونڈنے میں مدد کا حق۔**

**آپ محفوظ رہنے کا حق رکھتے ہیں۔ کسی کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ:**




آپ کو نقصان پہنچائے     آپ کی توہین کرے     آپ کو ڈرائے دھمکائے

چاہے وہ کوئی بھی ہو، اور چاہے آپ ان کو جانتے ہوں یا نہیں۔
اگر آپ کو اپنے والدین یا عملے کی وجہ سے کوئی پریشانی ہو تو آپ آواز اٹھا سکتے ہیں۔

## اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟



آپ کسی ایسے شخص سے بات کر سکتے ہیں جس پر آپ بھروسہ کرتے ہیں، جیسے کہ خاندان کا کوئی رکن، عملے کا کوئی رکن، یا اسٹیٹ چائلڈ رائٹس پروٹیکشن اینڈ ایڈوپشن سروس۔ آپ ان کے رابطے کی تفصیلات اس بروشر کے آخر میں پا سکتے ہیں۔



اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ لوگ حکام [کو اس کے بارے میں بتا سکتے ہیں، تاکہ ایسا دوبارہ نہ ہو۔ اسے 'شکایت کرنا' کہتے ہیں۔

**توجہ فرمائیں!**
اگر آپ اس جگہ پر نہ ہوں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، اور آپ کو کوئی خطرہ ہو تو آپ کسی بھی فون سے قومی ایمرجنسی کے نمبر 112 پر کال کر سکتے ہیں۔

## استقبال کے وقت آپ اور آپ کے گھر والوں کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

آپ کے لئے سچ بولنا اور حکام کے ساتھ تعاون کرنا بہت ضروری ہے، اس وقت بھی اگر آپ کو ڈر لگے، یا آپ کو اپنی بات کہنا مشکل لگے۔

اگر عملے کو آپ کے حالات کے بارے میں پتا ہوگا تو وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔



آپ اور آپ کے گھر والے جہاں بھی رہیں گے، وہاں کچھ قاعدے ہوں گے جن کی پیروی کرنی ہوگی۔ مثال کے طور پر، آپ لوگوں کو اپنے ساتھ رہنے والے دوسرے لوگوں اور عملے کا احترام کرنا ہوگا اور آپ لوگوں کو خاموش اوقات کے دوران شور مچانے کی اجازت نہیں ہے۔

عملہ آپ کو بتائے گا کہ یہ قاعدے کیا ہیں اور اگر آپ ان پر عمل نہیں کریں گے تو کیا ہوگا۔

آپ کے اور آپ کے گھر والوں کے لئے بہت ضروری ہے کہ:

✔ آپ لوگ جہاں ٹھہرے ہیں، وہاں کے قواعد پر عمل کریں

- جگہ کو صاف رکھیں
- لڑائی جھگڑا نہ کریں
- شراب یا منشیات کا استعمال ہرگز نہ کریں
- حکام کے ساتھ تعاون کریں

✖ آپ لوگوں کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں بھاگ کر نہ جائیں

✔ اس ملک کے قوانین مانیں، جس کے بارے میں عملہ آپ لوگوں کو تفصیل سے سمجھائیں گے۔

# اگر آپ یا آپ کے گھر والے اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟



اگر ایسا ہو تو آپ لوگ کھل کر عملے سے بات کر سکتے ہیں اور اپنے حالات اور اپنی وجوہات سمجھا سکتے ہیں۔

حکام حالات دیکھیں گے، اور اس کے بعد اگر وہ کوئی قدم اٹھانے کا فیصلہ کریں گے، تو وہ آپ کے والدین کو بتائیں گے۔



مثال کے طور پر، اگر آپ کے گھر والوں میں سے کوئی، اس رہائش کی جگہ، شہر یا علاقے سے فرار ہو جائیں جہاں حکام کے فیصلے کے مطابق انہیں رہنے کی ضرورت تھی، تو **ہو سکتا ہے کہ اس شخص کو ملنے والی معاونت کم ہو جائے**۔



اگر آپ کے گھر والوں میں سے کوئی دوسروں پر تشدد کرے، تو **ہو سکتا ہے کہ انہیں جو معاونت مل رہی ہے، وہ ختم ہو جائے**۔ ہو سکتا ہے کہ پولیس کو بلایا جائے۔

**آپ اور آپ کے گھر والے اب لتھوانیا میں ہیں جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا (جمہوریہ چیک)، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیہ، سلووینیا، اسپین اور سویڈن، اور

4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، لختنشتائن، ناروے اور سوئٹزرلینڈ۔

# پناہ کے لئے درخواست دینے اور EU+ ممالک جانے سے متعلق قواعد

**عملہ آپ اور آپ کے گھر والوں کو یہ ضروری قواعد سمجھائے گا۔ آپ لوگ کسی بھی وقت سوالات پوچھ سکتے ہیں۔**



- آپ اور آپ کے گھر والوں کو لتھوانیا میں رہنا ہوگا، اور آپ بھاگ کر کسی دوسرے EU+ ملک نہیں جا سکتے۔
- اگر آپ لوگوں کا کوئی رشتہ دار ان ممالک میں رہتا ہے تو حکام آپ لوگوں کو خاندان سے ملاپ کے بارے میں آپ کے حقوق کے بارے میں بتائیں گے۔ فرار نہ ہوں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ لوگ یہ ملک چھوڑنے کے بارے میں سوچ رہے ہوں، یا کچھ لوگ آپ کو یہاں سے بھاگنے کے لئے کہہ رہے ہوں۔ یہ آپ لوگوں کے لئے خطرناک ہو سکتا ہے۔ آپ اور آپ کے گھر والے عملے سے بات کر کے انہیں صورتحال سمجھا سکتے ہیں۔ عملہ آپ لوگوں کو اس بارے میں مشورہ دے سکتا ہے۔


- اگر آپ لوگ فرار ہو جائیں گے تو کچھ منفی نتیجے سامنے آ سکتے ہیں، جن کے بارے میں اس کتابچے میں بتایا گیا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ لوگوں کو اس دوسرے ملک میں استقبال کی کم مدد ملے گی۔

- یاد رکھیں، اگر حکام نے آپ کو دوسری ہدایات نہ دی ہوں، تو آپ لوگوں کو اسی EU+ ملک میں پناہ کے لئے درخواست دینے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ لوگ سب سے پہلے آئے تھے۔

- ان میں سے صرف ایک ملک آپ کی پناہ کی درخواست کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ہے۔ لتھوانیا کے حکام آپ لوگوں کو بتائیں گے کہ اس کے لئے کونسا ملک ذمہ دار ہوگا۔

آپ کو ان طریقوں کے بارے میں الگ کتابچوں میں بتایا جائے گا۔

# اگر آپ اور آپ کے گھر والے کسی دوسرے +EU ملک فرار ہو جائیں تو کیا ہوگا؟




لتھوانیا **میں:**

- ہو سکتا ہے کہ آپ لوگوں کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**دیگر +EU ملک میں:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ لوگوں کو اسی ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ لوگ بغیر اجازت نکلے تھے۔

جیسے ہی حکام آپ لوگوں کو بتائیں کہ آپ لوگوں کو واپس بھیجنے کا فیصلہ لے لیا گیا ہے، آپ لوگوں کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ لوگوں کو کچھ قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی اور
- آپ لوگوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

## اگر آپ لوگ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ اور آپ کے گھر والوں کی مدد کون کر سکتا ہے؟



آپ لوگ کسی قانونی مشیر سے مدد لے سکتے ہیں۔ قانونی مشیر اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے اس ملک کے قاعدے معلوم ہیں اور جو آپ لوگوں کے حالات سمجھ کر آپ کی مدد کرے گا یا کرے گی۔

عملہ آپ لوگوں کو ان غیرحکومتی اداروں کے بارے میں بتائے گا جو آپ لوگوں کو معلومات دے سکتے ہیں اور آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔




آپ لوگ کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ UNHCR ان لوگوں کو محفوظ رکھتی ہے جن کو اپنا ملک چھوڑنا پڑا ہو۔

## اگر معاونت میں کچھ تبدیلی آئے تو کیا ہوگا؟

اگر حکام صفحہ نمبر 13، پر بتائے گئے حالات کی وجہ سے گھر کے کسی فرد کو ملنے والی کچھ معاونت کم کرنے یا ختم کرنے کا فیصلہ کریں، تو گھر کے اس فرد کو ان کے ذاتی حالات اور ضروریات کے مطابق مدد ملتی رہے گی۔ ان کے لئے ڈاکٹر یا نرس کے پاس جاتے رہنا، طبی معاونت حاصل کرتے رہنا، کچھ معاونت حاصل کرتے رہنا (*جیسے کہ کھانا*) اور حکام کے فیصلے کے لحاظ سے سونے کے لئے جگہ ملتے رہنا ممکن ہوگا۔

اگر حکام آپ لوگوں کے کسی دوسری +EU ملک بھاگ جانے کی وجہ سے آپ اور آپ کے گھر والوں کو ملنے والی استقبال کی معاونت ختم کرنے کا فیصلہ کریں، تو آپ لوگوں کے حالات اور ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ لوگوں کو کونسی معاونتیں ملتی رہیں گے۔



آپ اس کے بعد بھی اسکول جا سکیں گے۔

# رابطے کی تفصیلات

اگر آپ اور آپ کے گھر والے کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں، یا اگر آپ لوگوں کو اپنے قیام کے دوران کسی قسم کی معاونت کی ضرورت ہو، تو آپ لوگ یہاں کام کرنے والے عملے سے بات کر سکتے ہیں:

| استقبالیہ حکام | |
|---|---|
| Reception and Integration Agency | info@piia.lt +370 602 49364 |

| دیگر متعلقہ حکام | |
|---|---|
| مائیگریشن ڈپارٹمنٹ | info@migracija.gov.lt +370 707 67000 |

| دیگر متعلقہ حکام | |
|---|---|
| سٹیٹ بارڈر گارڈ سروس | dvks@vsat.vrm.lt +370 707 59305 |

آپ لوگ ان مسائل کے بارے میں سوالات کے جواب جاننے کے لئے ان اداروں سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

| طبی معاونت | |
|---|---|
|  | ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی<br>info@piia.lt +370 602 49364<br>یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں۔ |

## نفسی سماجی معاونت



Caritas of Vilnius Archdiocese: kulturunamai@vilnius.caritas.lt
+370 673 48052
ریسیپشن اینڈ انٹیگریشن ایجنسی
info@piia.lt +370 602 49364
یا ایجنسی کے اندر موجود خصوصی عملے سے رجوع کریں

بچوں اور نوعمروں کے لیے گمنام جذباتی مدد:

(صبح 11:00 بجے سے رات 12:00 بجے تک) 116 111

آن لائن چیٹ کے ذریعے مدد (دوپہر 2:00 بجے سے رات 11:00 بجے تک)
www.vaikulinija.lt
نوجوانوں کے لیے جذباتی مدد:
+370 800 28888 (24/7)
(آن لائن چیٹ کے ذریعے مدد (24 گھنٹے /7 دن)
www.jaunimolinija.lt

## بچوں کا تحفظ



اسٹیٹ چائلڈ رائٹس پروٹیکشن اینڈ ایڈوپشن سروس

info@vaikoteises.lt 0 800 10 800

## خطرے کے سے دوچار بچوں کے لئے ہیلپ لائن



اگر آپ خود کو نظر انداز کیے جانے یا خطرے میں محسوس کرتے ہیں تو آپ اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 0 800 10 800 پیر سے ہفتہ: صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک
کام کے اوقات کے علاوہ، چھٹی کے دنوں میں، یا عام تعطیلات کے دوران بچوں کے حقوق کی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دینے کے لیے، براہ کرم ہنگامی نمبر **112** کے ذریعے ہنگامی خدمات سے رابطہ کریں
بچوں اور نوعمروں کے لیے گمنام جذباتی مدد:
116 111 (صبح 11:00 بجے سے رات 11:00 بجے تک )

## قانونی مشاورت، مدد اور نمائندگی



: ریاست کی طرف سے ضمانت شدہ قانونی امداد
teisines.paslaugos@piia.lt +370 602 49364
لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی قانونی مشاورت:
خاندان کے ارکان اور رشتہ داروں کی تلاش اور ان legal@redcross.lt;
tracing@redcross.lt سے رابطہ کروانا

**اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR)** پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کی حفاظت کرتے ہیں۔




لیتھوانیا میں UNHCR کے بارے میں - UNHCR لیتھوانیا

**Phone:**

نورڈک اور بالٹک ممالک کے لیے UNHCR کی نمائندگی

پیر سے جمعہ، اسٹاک ہوم کے وقت ( +46 10 10 12 800 :(اسٹاک ہوم، سویڈن) (کے مطابق صبح 10:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک)

UNHCR کا رابطہ دفتر (ویلنیوس، لیتھوانیا)) +370 5210 7416 :(پیر سے جمعہ، ویلنیوس کے وقت کے مطابق صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تکٰ)

**ای میل:** swestprotection@unhcr.org

| | |
|---|---|
| لیتھوانین ریڈ کراس سوسائٹی: نگرانی | +370 682 16597 stebesena@redcross.lt |
| انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (IOM) ویلنیوس آفس | رضاکارانہ واپسی میں معاونت اور دوبارہ انضمام کے لیے امداد<br>+370 8001 2342, iomvilnius@iom.int |

اگر آپ کو کوئی صحت کی ایمرجنسی ہو یا آپ کو کسی قسم کا خطرہ ہو تو اپنے والدین اور عملے کو فوراً بتائیں۔ وہ آپ کی مدد کریں گے!

اگر آپ اور آپ کے گھر والے وہاں نہیں ہوں جہاں آپ لوگ رہ رہے تھے، اور آپ لوگ کے ساتھ کوئی حادثہ ہو جائے یا آپ لوگ خطرے میں ہوں تو آپ لوگ اس ایمرجنسی نمبر پر مفت کال کر سکتے ہیں:

**طبی ایمرجنسی: 112**

**پولیس: 112**

اگر آپ لوگوں کے پاس فون نہ ہو، تو آپ لوگ کسی سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ لوگوں کے لئے ایمرجنسی نمبر پر کال کرے۔

Reception and Integration Agency

euaa EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025